آزاد جموں وکشمیر ایمپلائیز بہبود فنڈ وگروپ انشورنس (غیر جریدہ)

آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد

☆☆☆☆☆☆

اشتہار وظائف تعلیمی سال ۲۲-۲۰۲۱ء

آزاد جموں وکشمیر ایمپلائیز بہبود فنڈ وگروپ انشورنس (غیر جریدہ) کو تعلیمی سال 22-2021ء کے لیئے حکومت آزاد کشمیر اور ایسے نیم سرکاری/ نیم خودمختیار ادارہ جات جو بذریعہ فرمان حکومت بہبود فنڈ وگروپ انشورنس (غیر جریدہ) کے ساتھ شامل ہیں کے حاضر سروس، ریٹائرڈ اور مرحوم غیر جریدہ ملازمین کے زیر تعلیم بچوں کے حق میں وظائف کے اجراء کے سلسلہ میں درخواستیں مطلوب ہیں۔ جماعت نہم تا بالا کلاسز میں زیر تعلیم طلباء وطالبات جنہوں نے سالانہ امتحانات میں 55 فیصد یا اس سے زائد نمبرات حاصل کیئے ہوں، درخواست فارم جمع کرانے کے اہل ہیں۔ یہ شرط صرف درخواست قبول کرنے لیے ہے۔ وظائف کی ادائیگی بہرحال میرٹ کی بنیاد پر مالی وسائل کے پیش نظر ہوگی۔ معیار نمبرات اور شرح وظیفہ میں ردوبدل کے سلسلے میں بورڈ آف ٹرسٹیز کا فیصلہ حتمی ہوگا۔ ایک ملازم زیادہ سے زیادہ اپنے حقیقی تین بچوں کے لیئے درخواست فارم وظیفہ جمع کروانے کا اہل ہوگا۔

۲۔ سمسٹر سسٹم کے تحت زیر تعلیم طلباء/ طالبات دو سمسٹرز کا رزلٹ شامل کرنے کے پابند ہونگے۔ یونیورسٹی میں زیر تعلیم طلباء/ طالبات متعلقہ شعبہ کے کنٹرولر امتحانات سے جاری شدہ رزلٹ کارڈ/ تصدیق درخواست فارم کے ساتھ منسلک کرنے کے پابند ہونگے۔ شادی شدہ طلباء/ طالبات، ایسے ملازمین جو رخصت حاصل کر کے تعلیم حاصل کر رہے ہوں، اور غیر رجسٹرڈ ادارہ جات میں زیر تعلیم طلباء/ طالبات وظائف کے مستحق نہیں ہونگے۔

۳۔ درخواست فارم با اخذ قیمت مبلغ -/20 روپے فی فارم بہبود فنڈ غیر جریدہ کے مرکزی دفتر لوئر چھتر مظفرآباد کے علاوہ ڈویژنل آفس میرپور، پونچھ اور ضلعی صدر مقامات (بھمبر، کوٹلی، سدھنوتی، باغ، کہوٹہ (حویلی)، نیلم اور ضلع جہلم ویلی میں بہبود فنڈ (غیر جریدہ) کے قائم دفاتر سے حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ ضلعی ملازمین اضلاع میں قائم دفاتر میں ہی بعد از تکمیل فارم جمع کرانے کے پابند ہونگے۔ درخواست فارم ہاء وصول کرنے کی آخری تاریخ 28 فروری 2022ء ہے جس میں توسیع نہ ہوگی۔ نامکمل اور قواعد پر پورا نہ اترنے اور مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والے فارم وظیفہ پر کوئی کارروائی نہیں کی جائیگی۔

ڈائریکٹر

بہبود فنڈ وگروپ انشورنس ٹرسٹ (غیر جریدہ)

مظفرآباد آزاد کشمیر

فون نمبر: 05822-921312